سعودی ولی عہد کا اماراتی صدر اور امیر قطر سے خطے میں فوجی کشیدگی پر تبادلہ خیال

ریاض (ایجنسیاں) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے منگل کو متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید آل نہیان اور امیر قطر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی نے علیحدہ علیحدہ ٹیلی فون پر رابطہ کیا ہے۔ عرب نیوز کے مطابق رابطے میں غزہ کی صورتحال کے علاوہ خطے میں حالیہ فوجی کشیدگی اور سلامتی و تحفظ پر اس کے اثرات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے صورتحال کو بگڑنے سے روکنے اور خطے کو اس کشیدگی کے خطرات سے بچانے کے لیے کوششیں کرنے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

عازمین حج کی رہائش کیلئے اجازت ناموں کا اجرا

مدینہ منورہ (ایجنسیاں) عازمین حج کو رہائش فراہم کرنے والی کمیٹی نے کہا ہے کہ مدینہ منورہ میں رہائشی عمارتوں کے اجازت ناموں کی درخواستیں شوال کے آخر تک وصول کی جائیں گی ۔کمیٹی نے کہا ہے کہ ’شوال کے بعد کسی بھی عمارت کو اجازت نامہ جاری نہیں ہوگا‘۔ کمیٹی نے عازمین حج کو رہائش فراہم کرنے کے خواہشمند عمارتوں کے مالکان کو ہدایت کی ہے کہ وہ مقررہ تاریخ سے پہلے اجازت نامے کی درخواست جمع کرائیں۔ کمیٹی نے کہا ہے کہ ’وقت پر اجازت نامہ حاصل کرنے کے لیے عمارتوں کے مالکان کو چاہئے کہ وہ عازمین حج کی رہائش کے ضوابط جلد از جلد مکمل کرلیں۔ واضح رہے کہ عازمین حج کو مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں فراہم کی جانے والی رہائش کے لیے اجازت نامہ ضروری ہے۔

مدینہ منورہ میں 40 برس سے زائرین کو مفت چائے پلانے والے شیخ اسماعیل کا انتقال

مدینہ منورہ (ایجنسیاں) مدینہ منورہ میں گزشتہ 40 سال سے زائرین کو مفت چائے اور قہوہ پلانے والے شیخ اسماعیل کا انتقال ہوگیا۔ شیخ اسماعیل نے 96 سال عمر پائی تھی۔ ان کا تعلق شام کے شہر حماہ سے تھا، وہ 50 سال سے مدینہ منورہ میں مقیم تھے۔ شیخ اسماعیل کے اعمال جلیلہ میں زائرین کو مفت کھجور دینا، چائے اور کافی فراہم کرنا شامل ہے۔ وہ ہر آنیوالے زائر کو مفت چائے پیش کرتے تھے، اس مقصد کے لیے ڈسپوز بل کپس رکھتے اور وہ ان میں گرما گرم چائے یا کافی پیش کرتے۔ وہ کبھی کبھار زائرین کو اپنے آبائی علاقے سے آنے والی روایتی مٹھائیاں بھی پیش کرتے تھے۔

اسرائیلی فوج کا جبالیہ، نصیرت اور رفح پر حملہ

درندگی جاری ، کھیلتے بچوں کو بنایا نشانہ، 56 فلسطینی شہید

غزہ (ایجنسیاں)

اسرائیلی فوج نے جبالیہ، نصیرت کیمپوں اور رفح پر بھی بمباری کی جس میں مزید 56 سے زائد فلسطینی شہید ہوگئے ۔ اسرائیلی فوج نے غزہ شہر میں پولیس کی گاڑی پر بھی حملہ کیا جس کے نتیجے میں پولیس کے 7 اہلکاروں سمیت 9 فلسطینی شہید ہوگئے ۔ غزہ کے بچوں کو بچانے کے لیے فوری جنگ بندی کی جائے ۔ علاوہ ازیں اسرائیلی فوج کے جانے کے بعد خان یونس کے اسکولوں سے پھٹ نہ سکنے والے کئی بم اور گولہ بارود بھی برآمد ہوئے ہیں ۔ دوسری جانب شمالی اسرائیل میں حزب اللہ کے ڈرون حملوں میں 3 اسرائیلی فوجی زخمی ہوگئے جس کے جواب میں اسرائیلی فوج نے جنوبی لبنان کے قصبے عین بعال پر ڈرون حملے میں حزب اللہ کے مقامی کمانڈر کو شہید کردیا۔ ڈان نیوز کے مطابق اسرائیلی فوج نے مغازی کیمپ میں پلے گراؤنڈ میں کھیلتے بچوں پر حملہ کردیا جبکہ اسرائیلی جیٹ نے رفح میں بھی گھر کو نشانہ بنایا جہاں 4 بچوں سمیت 7 فلسطینیوں نے جام شہادت نوش کیا۔ غزہ کے علاقے خان یونس کے ایک اسکول سے ایک ہزار پاؤنڈ وزنی بم برآمد ہوا ہے۔ بچوں کے لیے اقوام متحدہ کی تنظیم یونیسیف کا کہنا ہے کہ غزہ میں ہر 10 منٹ میں ایک بچہ جاں بحق یا زخمی ہورہا ہے، غزہ کے بچوں کے چہرے مسلسل جنگ کی خوفناک تصویر کی عکاسی کررہے ہیں۔ مزید کہا کہ انہیں معذوری اور موت سے بچانے کا واحد راستہ پائیدار جنگ بندی ہے۔

دوسری جانب، برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ کیمرون کی آج رات اسرائیل آمد متوقع ہے۔ اسرائیلی اخبار کے مطابق ڈیوڈ کیمرون رام اللہ میں فلسطینی اتھارٹی کے حکام سے بھی ملاقاتیں کریں گے۔

اسرائیلی فوج آبادکاروں کے حملوں کی حمایت بند کرے: اقوام متحدہ

اقوام متحدہ (یو این آئی) اقوام متحدہ نے اسرائیلی افواج سے مغربی کنارے میں آبادکاروں کے حملوں کی حمایت ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے دفتر نے اسرائیل سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ مقبوضہ مغربی کنارے میں آبادکاروں کے حملوں کی حمایت بند کرے۔ یہ مطالبہ اسرائیلی آبادکاروں کی جانب سے ایک فوجی چھاپے کے دوران فلسطینی نوجوان کی شہادت اور مغربی کنارے میں 2 فلسطینیوں کو گولی مار کر شہید کرنے کے بعد سامنے آیا ہے۔ ہفتے کے روز درجنوں آبادکاروں نے رام اللہ کے شمال مشرق میں واقع المغاير گاؤں پر دھاوا بولا تھا جس میں ایک فلسطینی شہید اور کم از کم 25 دیگر زخمی ہوئے تھے جب ایک 14 سالہ اسرائیلی آبادکار لاپتہ ہوگیا۔ اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے انسانی حقوق کی ترجمان روینا شمداسانی نے کہا کہ اسرائیل، قابض طاقت کے طور پر مقبوضہ مغربی کنارے میں امن عامہ اور تحفظ کو جہاں تک ممکن ہو، بحال کرنے اور یقینی بنانے کے لیے اپنی طاقت میں تمام اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا اس ذمہ داری میں فلسطینیوں کو آبادکاروں کے حملوں سے بچانا، اور اسرائیلی سیکورٹی فورسز کی طرف سے فلسطینیوں کے خلاف طاقت کے غیر قانونی استعمال کو ختم کرنا شامل ہے۔

جنوبی لبنان میں اسرائیلی حملے میں 3 افراد ہلاک، 3 زخمی

بیروت (یو این آئی)

جنوبی لبنان کے شہر شہابیہ میں اسرائیلی حملے میں حزب اللہ کے دولڑاکے اور عمل تحریک کا ایک رکن ہلاک اور تین شہری زخمی ہوگئے۔ لبنانی فوجی ذرائع نے یہ اطلاع دی۔ نام ظاہر نہ کرنے والے ذرائع نے بتایا کہ منگل کی شام اسرائیلی ڈرونز نے فضا سے سطح پر مار کرنے والے تین میزائل داغے، جس سے کئی دکانوں اور 22 سے زائد گھروں کو نقصان پہنچا۔ ذرائع کے مطابق اسرائیلی جنگی طیاروں نے جنوبی لبنان کے علاقوں میں چھ فضائی حملے کیے اور کئی قصبوں اور گاؤوں پر گولہ باری کی۔ ادھر حزب اللہ نے کہا کہ اس کے لڑاکوں نے کئی اسرائیلی مقامات پر حملہ کیا۔ لبنان کے ایک فوجی ذریعے نے چین کی خبر رساں ایجنسی ژنہوا کو بتایا کہ لبنان سے دوپہر کے وقت شمالی اسرائیل کی طرف سطح سے سطح پر مار کرنے والے 100 سے زیادہ میزائل داغے گئے ، جن میں سے کچھ کو اسرائیلی آئرن ڈوم میزائلوں نے روک دیا۔ اس سے قبل دن میں جنوبی لبنان کے گاؤں عین بال میں ایک شہریوں کار پر اسرائیلی حملے میں ایک مقامی حزب اللہ لیڈر مارا گیا تھا۔ مقتول کی شناخت شہابیہ شہر کے ابوجعفر باز کے نام سے ہوئی ہے۔ واضح رہے کہ گذشتہ سال 7 اکتوبر کو حماس کی طرف سے اسرائیل پر کیے گئے حملوں کی لبنانی مسلح تنظیم حزب اللہ کی حمایت کے بعد اسرائیل اور لبنان کے درمیان سرحد پر کشیدگی بڑھ گئی ہے۔ لبنانی سیکورٹی ذرائع کے مطابق حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان جھڑپوں میں لبنانی جانب سے 423 افراد ہلاک ہوئے ہیں جن میں حزب اللہ کے 269 ارکان اور 75 عام شہری شامل ہیں۔

گوگل کے دفاتر میں اسرائیل کے خلاف احتجاج، 9 ملازمین گرفتار

واشنگٹن (ایجنسیاں)

گوگل کے سی ای او کے دفتر میں امریکہ کی جانب سے اسرائیل کو ٹیکنالوجی فراہم کیے جانے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، اس دوران پولیس نے احتجاج کرنے والے 9 افراد کو حراست میں لے لیا گیا۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق یہ تمام گرفتار شدگان گوگل کمپنی کے ملازمین ہیں جو اسرائیل کو ٹیکنالوجی فراہم کیے جانے کی مخالفت کرتے ہوئے نیویارک میں کمپنی کے دفتر میں احتجاج کررہے تھے ۔گوگل کے کیلیفورنیا کے دفتر میں بھی اسی طرح کے ایک مظاہرے کی خبر سامنے آئی ہے۔ دراصل گوگل کمپنی اسرائیلی حکومت کے ساتھ مل کر کام کررہی ہے، جس کے خلاف کچھ ملازمین نے احتجاج کرنا شروع کردیا۔ رپورٹ کے مطابق گوگل آفس میں احتجاج کرنے والے ملازمین کا دعویٰ ہے کہ امریکی ٹیک کمپنیاں اسرائیلی حکومت کی حمایت کر رہی ہیں۔ مظاہرین نے سوال اُٹھایا کہ ایسے میں جب اسرائیل اور غزہ کے درمیان جنگ جاری ہے، کسی ایک ملک کو ٹیکنالوجی دینا صحیح اقدام ہے؟



مظاہرین کے ترجمان جین چنگ نے بتایا ہے کہ دونوں دفاتر سے 9 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ احتجاج کرنے والے ایک ملازم نے ویڈیو ریکارڈ کر کے شیئر کردی ہے۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ نیویارک پولیس مظاہرین کو احتجاج ختم کرنے کا کہتی ہے اور احتجاج کرنے والی جگہ سے نہ جانے پر انہیں حراست میں لے لیا جاتا ہے۔ گوگل کے مطابق کمپنی کی پالیسی کے خلاف احتجاج کرنے والے ملازمین کے خلاف ایکشن لیا جائے گا، اس کے علاوہ دیگر ملازمین سے ہاتھا پائی کرنے والے ملازمین کے خلاف بھی کارروائی ہوگی۔

مختصر خبریں

کمبوڈیا میں نئے سال کی تعطیلات کے دوران سڑک حادثات میں 37 افراد ہلاک

نامپینھ (یو این آئی) کمبوڈیا میں نئے سال کی مروجہ تعطیلات کے دوران 13 سے 16 اپریل کو پیش آنے والے سڑک حادثات میں کم از کم 37 افراد کی موت ہوگئی۔ نیشنل پولیس کی رپورٹ میں بدھ کے روز یہ اطلاع دی گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ حادثات میں 88 دیگر افراد زخمی بھی ہوئے ۔ چار روزہ تعطیلات کے دوران کل 64 سڑک حادثات ریکارڈ کیے گئے ۔ زیادہ تر حادثات تیز رفتاری، لاپرواہی اور نشے کی حالت میں ڈرائیونگ کے باعث پیش آئے ۔ اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (یو این ڈی پی) اور کمبوڈیا میں نیشنل روڈ سیفٹی کمیٹی کی مشترکہ رپورٹ کے مطابق، سڑک حادثات سے ملک کو سالانہ تقریباً 4.66 کروڑ امریکی ڈالر کا نقصان ہوتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق 2023 میں کل 1590 افراد سڑک حادثات میں اپنی جانیں گنوا چکے ہیں۔

امریکہ نے یمن میں حوثیوں کے 2 ڈرونز مار گرائے

صنعا (یو این آئی) امریکہ نے یمن میں ایرانی نواز حوثیوں کے زیر کنٹرول علاقوں میں موجود دو ڈرونز سے حملہ کیا ہے۔ امریکی مرکزی کمان سینٹ کام نے سوشل میڈیا ایکس پر اپنے بیان میں اس حوالے سے بتایا کہ گزشتہ روز ہم نے حوثیوں کے بعد ڈرونز کو نشانہ بنایا ہے جو کہ امریکہ اور اس کے اتحادی ممالک کے بحری جہازوں کے لیے خطرہ تھے ۔ پوسٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ اس کارروائی کا مقصد خطے میں بحری آمد ورفت کو محفوظ بنانا ہے۔

سولومن جزیرے کے پارلیمانی انتخابات کیلئے ووٹنگ

ہونیارا (یو این آئی) سولومن جزیرے کے پارلیمانی انتخابات کے لیے آج ووٹنگ ہورہی ہے۔ پارلیمانی انتخابات میں 50 نشستوں کے لیے کل 334 امیدوار میدان میں ہیں۔ ووٹرز مشترکہ انتخابات میں اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے جس میں قومی اور صوبائی دونوں انتخابات شامل ہوں گے۔ صوبائی اسمبلیوں میں عہدوں کے لئے کل 816 امیدوار اور ہونارہ سٹی کونسل کے لیے 89 امیدوار میدان میں ہیں۔ ووٹنگ مقامی وقت کے مطابق صبح 7 بجے شروع ہوئی اور شام 4 بجے ختم ہوگی۔

بولیویا میں سڑک حادثہ، 5 افراد ہلاک، 35 زخمی

لا پاز (یو این آئی) مشرقی بولیویا میں ایک ہائی وے پر بس کے 20 میٹر سے زیادہ گہری کھائی میں گرنے سے 5 افراد ہلاک اور 35 سے زیادہ زخمی ہو گئے ۔ مقامی افسران نے یہ اطلاع دی۔ یہ حادثہ منگل کو پیش آیا۔ سانتا کروز ڈپارٹمنٹ، سٹی آف کونز میں ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ اور پولیس اہلکاروں کو جائے حادثہ پر روانہ کردیا گیا۔ بس چلانے والی ٹرانسپورٹ کمپنی کے مطابق، بس پیر کی سہ پہر جنوب مغرب میں پوٹوسی ڈپارٹمنٹ سے سانتا کروز کروز ڈی لاسیرا شہر کے لیے روانہ ہوئی۔ مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق واضح نظر نہ آنے کی وجہ سے بس ماترل قصبے سے پانچ کلومیٹر دور کونز کے قریب کھائی میں جاگری، اگرچہ اس امکان کی بھی جانچ کی جارہی ہے کہ کہیں ڈرائیور کو نیند تو نہیں آ گئی تھی۔

اینڈ ریانوف اور الیوٹین جزائر میں زلزلے کے جھٹکے

بیجنگ (یو این آئی) اینڈ ریانوف جزائر اور الیوٹین جزائر میں آج زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے۔ جی ایف زیڈ جرمن ریسرچ سینٹر فار جیو سائنسز نے بتایا کہ بین الاقوامی وقت کے مطابق بدھ کی صبح 01.48 پر محسوس کیے گئے زلزلے کی شدت ریکٹر اسکیل پر 5.2 تھی۔ زلزلے کا مرکز 53.92 ڈگری شمالی عرض البلد اور 172.67 ڈگری مغربی طول البلد میں 10.0 کلومیٹر کی گہرائی میں تھا۔

ہم تہران انتظامیہ کی عسکری تنصیبات کو نشانہ بنائیں گے: اسرائیل

تل ابیب (ایجنسیاں)

اسرائیل کے برلن سفیر ’رون پروسر‘ نے کہا ہے کہ "ہم تہران انتظامیہ کی عسکری تنصیبات کو ہدف بنا کر ایرانی حملے کا جواب دیں گے۔ جرمن ٹیلی ویژن چینل ’ویلٹ ٹی وی‘ کے لئے انٹرویو میں سفیر پروسر نے کہا ہے کہ ’اسرائیل شہری اہداف پر نہیں عسکری اہداف پر حملہ کرے گا۔ ہم اس حملے کا جواب دینے پر مجبور ہیں۔ اس مزاحمت کا نہایت واضح اور دو ٹوک ہونا علاقے کے لئے نہایت اہمیت رکھتا ہے"۔ پروسر نے جوابی کاروائی کے بارے میں اسرائیل کے مصمم ارادے پر زور دیا لیکن تفصیلات فراہم کرنے سے گریز کیا اور کہا ہے کہ "یہ جوابی کاروائی کب اور کہاں ہوگی؟ اس کا فیصلہ ہماری جنگی کابینہ کرے گی"۔ اسرائیل مسلح افواج کے ترجمان ڈینیئل ہگاری نے بھی اسرائیلی روزنامے ہایوم کے لئے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ "ایسے کسی حملے کا جواب نہ دیا جائے یہ ممکن ہی نہیں ہے۔ ہم اپنی منتخب کردہ جگہ اور وقت پر کاروائی کریں گے اور اس بارے میں کوئی بھی بات غیر ضروری ہے"۔

واضح رہے کہ اسرائیل نے یکم اپریل کو ایران کے دمشق قونصل خانے پر فضائی حملہ کیا تھا جس میں ایران پاسداران انقلاب کے 2 جرنیلوں سمیت 7 فوجی افسران ہلاک ہوگئے تھے ۔ حملے کے بارے میں جاری کردہ بیان میں ایران نے کہا تھا کہ ایرانی قونصل خانے پر حملہ ایرانی زمین پر حملے کے مترادف ہے اور ہم اس کا جواب دیں گے ۔ ایران کے اس اعلان کے جواب میں اسرائیل نے کہا تھا کہ ایران نے حملہ کیا تو اس کا جواب دیا جائے گا۔ ایران نے 13 اپریل کو سینکڑوں کامیکازی ڈرون طیاروں، بیلسٹک اور کروز میزائلوں کے ساتھ اسرائیل پر حملہ کیا تھا۔ ایران نے بعض اہداف کو نشانہ بنایا لیکن زیادہ تر حملوں کو اسرائیل کے فضائی دفاعی نظام کی طرف سے ناکام بنا دیا گیا تھا۔ حملوں کے بعد اسرائیل ذرائع ابلاغ نے دعوی کیا تھا کہ تل ابیب انتظامیہ نے ایرانی حملوں کا واضح اور دو ٹوک جواب دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

کوڑے دان سے ملا سونے اور ڈالرز سے بھرا بیگ، ایرانی شہری نے مالک کو واپس کیا

تہران (ایجنسیاں) ایک ایرانی شہری جسے سڑک کے کنارے پڑے کچرے سے سونے اور ڈالروں سے بھرا بیگ ملا، نے اس بیگ کو مالک کو واپس کر کے نیکی کی زبردست مثال قائم کردی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 52 سالہ نامعلوم شہری جو کہ ایرانی شہر علی گودرز کا رہائشی ہے، نے مقامی نیوز کو بتایا کہ میرے والدین نے مجھے بچپن سے سکھایا تھا کہ جب بھی کوئی چیز پڑی ملے، اسے اپنے پاس نہیں رکھنی چاہیے بلکہ اسکے مالک کو واپس کر دینا چاہیے۔ شہری کا کہنا تھا کہ مجھے یہ تھیلا سڑک کے کنارے رکھے کوڑے دان میں تلاشی کے دوران ملا۔ اس تھیلے کے اندر سونا اور ڈالرز موجود تھے جن کی قیمت 20 ارب ریال بتائی گئی ہے۔ میں نے یہ بیگ کچھ دنوں تک اپنے پاس رکھا اور مالک کو تلاش کیا کیونکہ گناہ کا خوف مجھ پر غالب تھا۔ شہری نے مزید کہا کہ بیگ میں ایک بینک کارڈ بھی تھا جس کے ذریعے میں مالک کو تلاش کرنے میں کامیاب ہوا۔ یہ بیگ 50 سال کی ایک خاتون کا تھا جسے ان کے پوتے نے کچرے کا تھیلا سمجھ کر پھینک دیا تھا۔

امریکہ کی ایران پر نئی پابندیاں لگانے کی تیاری

واشنگٹن (یو این آئی)

اسرائیل پر حملے کے بعد امریکہ نے ایران پر نئی پابندیاں لگانے کی تیاری کر لی۔ وہائٹ ہاؤس کے مطابق امریکہ کی جانب سے ایران کے میزائل اور ڈرون پروگرامز پر نئی پابندیاں لگائی جائیں گی، امریکی قومی سلامتی کے مشیر جیک سلیوان کا کہنا ہے کہ ایران پر پابندیوں کا مقصد اس کی عسکری طاقت کو محدود کرنا ہے ۔ جیک سلیوان نے کہا کہ پابندیوں اور دیگر اقدامات سے ہم ایران پر دباؤ برقرار رکھیں گے۔ بی بی سی نے رپورٹ کیا کہ امریکہ اور یورپی یونین نے کہا ہے کہ وہ اسرائیل پر حملے کے بعد ایران پر مزید پابندیاں عائد کرنے پر غور کررہے ہیں۔ امریکی وزیر خزانہ جینٹ ییلن نے کہا کہ وہ آئندہ دنوں میں اس سلسلے میں اقدام اٹھائے جانے کی توقع رکھتی ہیں، جب کہ یورپی یونین کی خارجہ پالیسی کے سربراہ جوزف بوریل نے کہا کہ بلاک پابندیوں کے سلسلے میں کام کررہا ہے۔ اسرائیل نے اپنے اتحادیوں پر زور دیا ہے کہ وہ تہران کے میزائل پروگرام پر پابندی لگائیں، واضح رہے کہ اس پروگرام پر اقوام متحدہ کی پابندیاں گزشتہ اکتوبر میں ختم ہوگئی ہیں، یہ پابندیاں ایران کے جوہری پروگرام کو محدود کرنے کے وسیع معاہدے سے منسلک تھیں۔ یاد رہے کہ ہفتے کے روز اسرائیل پر ایران کے پہلے براہ راست حملے میں ایران، عراق، شام اور یمن سے فائر کیے گئے 300 سے زیادہ میزائلوں اور ڈرونز کی ایک لہر دیکھی گئی، جن میں سے زیادہ تر کو اسرائیل اور اس کے اتحادیوں نے مار گرایا۔ تہران نے کہا کہ یہ حملہ یکم اپریل کو شام میں اس کے قونصل خانے پر اسرائیلی فضائی حملے کا بدلہ ہے، جس میں 13 افراد ہلاک ہوئے تھے۔



دوسری طرف برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ کیمرون کی آج رات اسرائیل آمد متوقع ہے، وہ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو اور فلسطینی اتھارٹی کے حکام سے ملاقاتیں کریں گے ، برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ کیمرون غزہ میں امداد بڑھانے ، یرغمالیوں کی رہائی اور ایرانی حملے پر تبادلہ خیال کریں گے۔

امریکی یونیورسٹی نے مسلم طالبہ کی تقریر منسوخ کی

واشنگٹن (یو این آئی) یونیورسٹی آف سدرن کیلیفورنیا (یو ایس سی) نے مشرق وسطیٰ کے تازہ ترین تنازع کے بارے میں سیکورٹی خدشات اور جذبات کا حوالہ دیتے ہوئے ایک مسلمان طالبہ کی جانب سے گریجویشن تقریب میں دی جانے والی تقریر کو منسوخ کر دیا، جنہوں نے کہا کہ انہیں فلسطین سے نفرت کے باعث خاموش کیا جارہا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق یو ایس سی کے سربراہ اینڈریو گزمین نے پیر کو ایک بیان میں کہا کہ اگلے ماہ گریجویشن کے موقع پر روایتی خطاب کو منسوخ کرنے کے فیصلے کا آزادی اظہار رائے سے کوئی تعلق نہیں اور اس کا مقصد صرف کیمپس کی حفاظت کرنا تھا۔ بائیومیڈیکل انجینئرنگ میجر کی طالبہ اسنا تبسم نے اپنے ہی بیان میں یونیورسٹی کو چیلنج کرتے ہوئے سوال کیا کہ کیا یو ایس سی کا میری تقریر کی دعوت کو منسوخ کرنے کا فیصلہ صرف حفاظت کی بنیاد پر کیا گیا ہے ؟ اینڈریو گزمین کے بیان میں اسنا تبسم کا نام لے کر حوالہ نہیں دیا گیا اور نا ہی اس بات کی وضاحت کی گئی کہ ان کی تقریر کے کس حصے نے ان کے سیاسی خیالات کے بارے میں خدشات پیدا کیے اور نہ ہی اس میں کسی خاص دھمکی کی تفصیل فراہم کی گئی ہے۔

متعدد بین الاقوامی ہوائی کمپنیوں نے اسرائیل کیلئے اپنی پروازیں معطل کیں

تل ابیب (یو این آئی)

بین الاقوامی ہوائی کمپنیوں کی اسرائیل کے لیے پروازیں سیکورٹی خدشات کے باعث معطل یا ملتوی کی جا رہی ہیں۔ اسرائیل اور ایران کے درمیان کشیدگی کے باعث بین الاقوامی ہوائی کمپنیاں خطے کے لیے اپنی پروازوں کا شیڈول تبدیل کر رہی ہیں۔ 13 اپریل کو اسرائیل پر ایران کے حملے کے بعد برطانوی فضائی کمپنی ویز ایئر نے 14 اور 15 اپریل کو تل ابیب کے لیے اپنی پروازیں منسوخ کر دی تھیں۔ برطانوی ایئرلائن ایزی جیٹ نے بھی اسرائیل میں "جاری صورتحال " کی وجہ سے موسم گرما کے سیزن سمیت تل ابیب کے لیے اپنی پروازیں 27 اکتوبر تک معطل کر دی ہیں۔ کے ایل ایم نے بھی 21 اپریل تک اسرائیل کے لیے اپنی پروازیں منسوخ کر دی ہیں اور کہا ہے اس کی پروازیں ایران اور اسرائیل کے راستے نہیں چلائی جائیں گی۔ جرمن ہوائی فرم لفتھانسا گروپ نے آج سے تل ابیب، عمان اور عربیل کے لیے اپنی معطل پروازوں کو بحال کر دیا ہے۔ ایئر انڈیا نے تل ابیب کے لیے اپنی پروازیں عارضی طور پر معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یو ایس یونائیٹڈ ایئرلائنز نے تل ابیب کے لیے اپنی پروازیں معطل کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ یکم مئی تک اس خطے کے لیے ٹکٹیں خریدنے والوں کو مکمل طور پر واپسی ادائیگی کر دی جائیگی۔ ایئر کینیڈا نے اعلان کیا کہ وہ ہفتے کے روز تل ابیب کے لیے اپنی پرواز منسوخ کرنے کے بعد خطے کی صورت حال کی نگرانی جاری رکھیں گے اور اپنی پروازوں کے شیڈول کو ایڈجسٹ کریں گے ۔ آسٹریلوی فضائی کمپنی قنطاس نے اعلان کیا ہے کہ اس کے طیاروں نے ایرانی فضائی حدود استعمال کرنے سے بچنے کے لیے روٹ تبدیل کر دیا ہے، ورجن اٹلانٹک نے اعلان کیا ہے کہ وہ عراق، ایران اور اسرائیل کی فضائی حدود کو استعمال نہیں کریں گے اور وہ اپنے آپریشنز پر ممکنہ اثرات کے لیے صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ ایبیریا ایکسپریس نے 14 اور 15 اپریل کو تل ابیب کے لیے اپنی پروازیں منسوخ کردی ہیں۔

ٹرمپ نے بائیڈن کو قصوروار ٹھہرایا

واشنگٹن (یو این آئی) سابق امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے امریکہ میں امیگریشن بحران کا ذمہ دار موجودہ امریکی صدر بائیڈن کو ٹھہرا دیا۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق نیویارک کے علاقے مین ہٹن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سابق امریکی صدر ٹرمپ نے کہا کہ روزانہ سینکڑوں افراد سرحد سے غیر قانونی داخل ہورہے ہیں، غیر قانونی تارکین وطن نے شہریوں سے روزگار چھین لیا۔ اُنہوں نے کہا کہ جرائم میں اضافہ ہورہا ہے، پولیس کو اختیار دیا جائے، بائیڈن انتظامیہ پولیس سے اختیارات چھین رہی ہے۔

یوکرین جنگ میں روس کے 50 ہزار فوجیوں کی ہلاکت کی تصدیق: بی بی سی کا دعویٰ

لندن (یو این آئی)

برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی نے دعویٰ کیا ہے کہ یوکرین کے خلاف 2 سالہ جنگ میں اب تک روس کے 50 ہزار فوجیوں کی ہلاکت کی تصدیق ہو چکی ہے ۔برطانوی نشریاتی ادارے کی جانب سے جاری رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بی بی سی رشیا، آزاد میڈیا گروپ میڈیازون اور رضا کاروں کی جانب سے فروری 2020 سے جاری جنگ میں روسی فوجیوں کی ہلاکت کی تعداد گنی جارہی ہے اور قبرستانوں میں نئی قبروں پر لگی تختیوں نے فوجیوں کی ہلاکتوں کی تعداد کی گنتی میں کافی معاونت فراہم کی ۔ رپورٹ کے مطابق جنگ کے دوسرے برس روسی فوجیوں کی ہلاکت میں 25 فیصد اضافہ دیکھا گیا اور صرف جنگ کے دوسرے سال ہلاک روسی فوجیوں کی تعداد 27 ہزار 300 ریکارڈ کی گئی تاہم روس کی جانب سے ان اعداد وشمار کی سختی سے تردید کی گئی ہے۔ بی بی سی کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ جنگ میں ہلاک روسی فوجیوں کی تعداد روسی حکام کی جانب سے تسلیم کی گئی ہلاکتوں کی تعداد سے 8 گنا زیادہ ہے۔ تجزیاتی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بتائی گئی ہلاکتوں کی تعداد میں دونیتسک اور لوہانسک میں ہلاک روسی فوجیوں کی تعداد شامل نہیں ہے، اگر اس تعداد کو بھی شامل کیا جائے تو یہ تعداد 50 ہزار سے بھی کہیں زیادہ بنتی ہے۔ دوسری جانب یوکرین کی جانب سے جنگ میں ہلاکتوں پر بہت کم ہی تفصیلات بتائی گئی ہیں، یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی نے فروری میں بتایا تھا کہ روس کے خلاف جنگ میں اب تک 31 ہزار فوجی ہلاک ہو چکے ہیں تاہم امریکی انٹیلی جنس رپورٹس کے مطابق یوکرین کا جنگی نقصان اس سے کہیں زیادہ ہے۔

مشرقِ وسطیٰ میں تباہی کا ذمہ دار اسرائیل: طیب اردگان

انقرہ (یو این آئی) ترک صدر رجب طیب اردگان کا اسرائیل پر ایرانی ڈرونز حملے کے بعد اہم بیان سامنے آ گیا۔ انقرہ میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے ترک صدر نے کہا کہ اسرائیل خطے میں بڑی جنگ کو ہوا دے رہا ہے، غزہ میں نسل کشی اور ظلم کے رکنے تک خطے میں بڑے تصادم کا خطرہ ہے ۔ترک صدر رجب طیب اردوان نے مشرقِ وسطیٰ میں تباہی کا ذمہ دار اسرائیل وزیر اعظم نیتن یاہو کو قرار دیا۔ ترک صدر کا کہنا تھا کہ دمشق میں ایرانی سفارتخانے پر حملہ کر کے اسرائیل نے عالمی قانون اور ویانا کنونشن کی خلاف ورزی کی ۔ اُنہوں نے کہا کہ اسرائیل کی جارحیت پر خاموش رہنے والے ایرانی حملے کی مذمت میں بڑھ چڑھ کر حصہ ڈال رہے ہیں۔ ترک صدر نے کہا کہ جس پر لعن طعن اور جس کی مذمت کرنی چاہیے وہ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو ہے ۔ واضح رہے کہ دمشق میں ایرانی سفارتخانے پر حملے کے جواب میں ایران نے میزائل حملے کر کے اسرائیل کے نیواتیم ایئربیس کو نشانہ بنایا تھا۔

میانمار: نئے سال کے موقع پر 3000 سے زائد قیدیوں کی رہائی

ینگون (یو این آئی)

میانمار کی صوبائی انتظامیہ کونسل نے بدھ کو روایتی میانمار نئے سال کے پہلے دن 3 ہزار سے زیادہ قیدیوں کو معاف کردیا اور رہا کردیا۔ کونسل نے کہا کہ قیدیوں میں میانمار کے 3,303 شہری اور 36 غیر ملکی قیدی شامل ہیں جن میں 13 انڈونیشیائی اور 15 سری لنکن شہری شامل ہیں۔ میانمار میں قیدیوں کو ہر سال ان کے روایتی نئے سال کے موقع پر معاف کر دیا جاتا ہے اور رہا کیا جاتا ہے ۔قابل ذکر ہے کہ گزشتہ سال ایسے موقع پر 3000 سے زائد قیدیوں کو رہا کیا گیا تھا۔

پولینڈ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ سے ملاقات کریں گے

وارسا (یو این آئی) وسطی یورپی ملک پولینڈ کے صدر آندریج ڈوڈا بدھ کو نیویارک میں سابق امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ساتھ عشائیہ کریں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ مسٹر ڈوڈا کا مسٹر ٹرمپ کے ساتھ پرائیویٹ ڈنر ہے۔ یہ ضیافت نیویارک سٹی کے مڈ ٹاؤن مین ہٹن میں واقع ٹرمپ ٹاور (فلک بوس عمارت) میں منعقد کی گئی ہے۔ مسٹر ڈوڈا امریکہ اور کینیڈا کے ہفتہ وار دورے پر ہیں۔ اس دوران وہ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گوتریس سے بھی ملاقات کریں گے۔